ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے

ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

سیشن 1

10 منٹ

- کہانی کی پڑھائی سے پہلے بچوں کو کتاب کا ٹائٹل دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں۔

1 یہ کون سا جانور ہے؟
2 یہ کہاں رہتا ہے؟ (پانی اور خشکی)
3 اس کا نام کیا ہے؟
4 آپ کے خیال میں یہ مینڈک ہے یا مینڈکی۔
5 آپ میں سے کسی نے اصلی مینڈک دیکھا ہے۔
6 کیا آپ میں سے کسی کو اس کی آواز نکالنا آتی ہے۔

- کلاس کے چند بچوں کو موقع دیں کہ وہ مینڈک کی طرح آواز نکالیں اور اچھل کر دکھائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سا کھیل ہے جس میں آپ کا ایک ساتھی چھپ جاتا ہے اور دوسرا اسے ڈھونڈتا ہے۔ بچے عام طور پر چھپن چھپائی جواب دیں گے۔

15 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایسی کہانی پڑھیں گے جس میں ایک مینڈکی اپنے دوستوں کے ساتھ چھپن چھپائی کھیل رہی ہے۔
- بات چیت مکمل ہونے کے بعد ٹیچر کہانی تاثرات کے ساتھ اس طرح پڑھیں کہ کہانی کے اختتام تک کہانی کا تجسس برقرار رہے۔
- صفحہ نمبر 12 کے حوالے سے بچوں سے پوچھئے کہ ان کے خیال میں لالی اور اس کے دوستوں کے علاوہ وہاں کون تھا۔ بچوں کو باری باری اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں۔

15 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ اپنی اردو کی کوپی میں کہانی میں سے کسی چار چیزوں کی تصویریں بنائیں اور ان کے نیچے ان کے نام لکھیں۔

5 منٹ

- کہانی لالی پڑھیے۔

سیشن 2

10 منٹ

- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی میں سے پڑھائی کروایئے۔

10 منٹ

- اب بچوں سے درج ذیل سوالات زبانی پوچھیے۔

1 لالی کون ہے؟
2 اس کتاب میں آپ لالی کے کتنے دوستوں سے ملے؟
3 لالی اور اس کے دوست کون سا کھیل کھیل رہے ہیں؟
4 لالی اور اس کے دوست کہاں کہاں چھپے ہیں؟

20 منٹ

- مندرجہ بالا کام مکمل ہونے کے بعد کہانی میں سے چند الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھوائیں اور ان کے جملے بنوائیں۔

English	اردو
friend	دوست
grass	گھاس
flower	پھول
water	پانی
frog	مینڈک

گھر کا کام

5 منٹ

- کہانی میں سے املا لیا جائے گا۔

سیشن 3

10 منٹ	• بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ - صفحہ نمبر 5 سے 15 - 10 الفاظ کا املا کرائیں۔
10 منٹ	• املا کی اصلاح کرائیں۔ - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔ - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔ - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔ - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
20 منٹ	• بچوں کو کلاس سے باہر کھیل کے میدان میں لے جائیں۔ ان کی ریس مینڈک کے چلنے کے طریقے سے کرائیں۔ اس موقع پر ٹیچر نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

گھر کا کام

5 منٹ	• کسی بھی سادے کاغذ پر مینڈک کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں 5 - 3 جملے لکھیں۔

سیشن 4

10 منٹ

- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے مینڈک کے بارے میں جو لکھ کر لائے تھے وہ کلاس کے دوسرے بچوں کو بھی سنائیں۔

10 منٹ

- جن بچوں نے اب تک کہانی کی پڑھائی نہیں کی ان سے پڑھائی کرائیں۔

25 منٹ

- پڑھائی کا کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر واحد جمع کی فہرست بنوائیں۔ بچوں سے کہیں کہ کتاب سے واحد الفاظ چن کر کوپی میں لکھیں۔ ان کے ساتھ ان کی جمع بھی لکھیں۔

  - کلاس کی کسی تین چیزوں کی بھی واحد جمع لکھیں۔

واحد	جمع
پتہ	پتے
دوست	دوستوں
پھول	پھولوں
مینڈک	مینڈکوں
میز	میزیں
کرسی	کرسیاں
کوپی	کوپیاں

سیشن 5

ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن کے لئے رنگین پینسلوں اور مارکرز کا بندوبست کر لیں۔

25 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ کہانی کی پڑھائی کے دوران الفاظ اور ان کی ضد کی نشاندہی کریں۔ بچوں کی مدد سے ایسے الفاظ کہانی سے چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے اس فہرست کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

الفاظ	ضد
دوست	دشمن
پھول	کانٹا
پانی	خشکی
باہر	اندر
چھپنا	ڈھونڈنا

20 منٹ

- ٹیچر کاغذ تقسیم کریں۔ بچے کہانی سے اپنے پسندیدہ صفحے کا انتخاب کریں اور اس کی ڈرائنگ کریں۔ بچے جب یہ کام مکمل کر لیں تو اس کام کو کلاس میں ڈسپلے کریں۔

لالی

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk